سوال

لڑکی کے باپ نے مناسب رشتہ چھوڑ کر دوسرا رشتہ قبول کرلیا

جواب

الحمد للہ.

ں :

ت کے ولی کو اپنی بیٹی کے لیے اس کے مناسب اور نیک و صالح رشتہ تلاش کرنا چاہیے جو اس کی بیٹی کی عزت اور عفت عصمت اور اس کی اولاد کی حفاظت کرنے والا ہو، کیونکہ حدیث میں بھی یہی وارد ہے .

ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

'جب تمہارے پاس کسی ایسے شخص کا رشتہ آئے جس کا دین اور اخلاق تمہیں پسند ہو تو اس کی شادی (اپنی لڑکی سے) کر دو، اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں وسیع و عریض فساد بپا ہو جائیگا "

ر (1084) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ترمذی میں اسے حسن قرار دیا ہے .

کے جائز نہیں کہ وہ اپنی ولایت میں رہنے والی عورت کو مناسب رشتہ آنے پر جس پر لڑکی راضی بھی ہو سے شادی نہ کرنے دے .

ر سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

تو تم انہیں ان کے خاوندوں سے نکاح کرنے نہ روکو جب کہ وہ آپس میں دستور کے مطابق رضامند ہوں البقرۃ (232).

ن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

ا معنی یہ ہے کہ : جب عورت نکاح کا مطالبہ کرے اور رشتہ بھی مناسب اور کفو والا ہو تو اسے شادی سے روک دیا جائے ، اور دونوں کی ایک دوسرے میں رغبت ہو.

عقل بن یسار کہتے ہیں :

نے اپنی بہن کا نکاح ایک شخص سے کیا تو اس شخص نے اسے طلاق دے دی، جب اس کی عدت ختم ہوگئی تو اسی شخص نے میری بہن کا رشتہ طلب کیا تو میں نے اسے کہا :

یرے ساتھ شادی کی اور اسے تیرے ماتحت کیا اور تیری عزت و احترام کی تو تم نے اسے طلاق دے دی اور اب پھر تم اس کا رشتہ طلب کرتے ہو، اللہ کی قسم وہ تیرے پاس کبھی واپس نہیں جا سکتی، اور اس شخص میں کوئی عیب بھی نہ تھا، اور عورت بھی اس کے پاس واپس جانا چاہتی تھی، تو اللہ سبحانہ و تعالی .

تو تم انہیں نکاح کرنے سے مت روکو.

نے عرض کیا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کی شادی کرتا ہوں ، راوی بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے اس کی شادی اس شخص کے ساتھ کر دی "

سے بخاری نے روایت کیا ہے .

یہ شادی مہر مثل میں ہو یا اس سے کم میں ، امام شافعی اور ابو یوسف اور محمد کا یہی قول ہے . .

رت نے کسی بعینہ کفو و مناسب شخص کے ساتھ شادی کی رغبت رکھی ہو اور اس کا ولی اس کی شادی کسی دوسرے شخص سے کرے جو اس کا کفو نہ ہو جس سے عورت چاہتی ہے اس سے شادی نہیں کرتا تو وہ عاضل کہلائیگا .

ن اگر عورت کسی ایسے شخص سے شادی کا مطالبہ کرتی ہے جو اس کا کفو نہیں تو پھر ولی کو اسے روکنے کا حق حاصل ہے ، اس صورت میں وہ عاضل نہیں کہلائیگا " انتہی

نی (383/9).

ت ہو جائے کہ جس شخص سے عورت شادی کرنا چاہتی تھی اور وہ اس کا کفو بھی تھا لیکن ولی نے اس سے شادی نہیں کی تو ولایت اس کے بعد والے عصبہ ولی کو مل جائیگی ، اور اگر وہ سب ہی اس کی شادی سے انکار کریں تو عورت کو قاضی کے پاس جانے کا حق حاصل ہے تاکہ وہ اس کی شادی کرے .

ایسا کرنے سے قبل یہ دیکھ لینا چاہیے کہ اس کے نتیجہ میں کیا خرابیاں پیدا ہونگی ، ہو سکتا ہے اس کے نتیجہ میں اس کے والد اور رشتہ داروں اور عورت کے مابین قطع رحمی اور بائیکاٹ ہو جائے ، اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس کا والد اس کے لیے کوئی اور مناسب اور کفو رشتہ تلاش کر لے .

، چیت اور افہام و تفہیم اور نصیحت کے ذریعہ حل کرنا چاہیے ، اور اس میں سلیم الرائے رشتہ دار کو استعمال کیا جائے ، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ اس رشتہ کے انکار میں والد حق پر ہو ، اور یہ بھی ہو سکتا ہے غلطی پر ہو .

عت و فرمانبرداری اور اسے راضی کرنے کی حتی الامکان کوشش کرنی چاہیے ، الا یہ کہ والد آپ کی کسی ایسے شخص کے ساتھ شادی کرنے پر اصرار کرے جو کفو اور مناسب نہیں .

کے ساتھ شادی کرنا جس کا دین اور اخلاق پسند نہیں اور یہ امید رکھنا کہ شادی کے بعد وہ صحیح ہو جائیگا ، یہ چیز خطرناک ہے ، کیونکہ ہو سکتا ہے اس میں تبدیلی پیدا ہو جائے ، اور ہو سکتا ہے تبدیلی پیدا نہ ہو اس لیے اس خطرہ کو مول نہیں لینا چاہیے .

د کو راضی کریں کہ وہ کسی اخلاق اور دین والے شخص کے ساتھ ہی آپ کی شادی کرے ، اور آپ صبر و تحمل سے کام لیں ، ہو سکتا ہے کوئی ایسا رشتہ آ جائے جسے آپ پسند کریں اور وہ دین و اخلاق والا ہو ، اور آپ کے والد بھی راضی ہو جائیں .

پ دعا سے معاونت لیں ، اور استخارہ کریں اور کثرت سے اعمال صالحہ کریں ، کیونکہ اطاعت و فرمانبرداری کے ساتھ نیک و صالح خاوند حاصل کیا جا سکتا ہے ، اسی طرح سب فائدہ مند روزیاں بھی حاصل کی جا سکتی ہیں .

ر سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

ں نے بھی نیک و صالح اعمال کیے چاہے وہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو ہم اسے اچھی زندگی مہیا کرینگے اور ان کے اعمال کا اچھا بدلہ دیں گے (97).

ہے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو نیک و صالح خاوند اور اولاد عطا فرمائے ، اور آپ کے والد اور گھر والوں کو ایسے اعمال کرنے کی توفیق نصیب دے جنہیں وہ پسند کرتا ہے اور جن سے وہ راضی ہوتا ہے .

واللہ اعلم .

اسلام سوال و جواب

115402